روزنامہ **الفضل**

FD-10 ٹیلیفون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

منگل 6 جنوری 2009ء 8 محرم 1430 ہجری 6 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 5

جبریل نے خوشخبری دی

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جبریل نے مجھے خوشخبری دی کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔
جس شخص نے تجھ پر درود بھیجا میں اس پر رحمت نازل کروں گا اور جو تجھ پر سلام بھیجے گا میں اس پر سلامتی نازل کروں گا۔

(مسند احمد۔حدیث نمبر:15767)

نماز جمعہ کی اہمیت، دعاؤں کی قبولیت، درود شریف کی برکات، اسی طرح آل رسولؐ اور اصحاب رسولؐ کے عظیم مقام ومرتبہ کا بیان

آل رسولؐ، اصحاب رسولؐ اور آنحضرتؐ کے سب پیاروں سے بے مثال محبت کا اظہار کریں

ان دنوں میں کثرت سے درود شریف پڑھیں اور دعاؤں پر زور دیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 2؍جنوری 2009ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 2 جنوری 2009ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔
حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ متعدد زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ آجکل ہم محرم کے مہینے سے گزر رہے ہیں۔ یہ قمری اور شمسی سال نو کا آج پہلا جمعہ ہے۔ دونوں نظاموں کے کیلنڈرز یا پہلے جمعہ کا جمع ہونا اللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ کے لئے بیشمار برکتوں کا موجب بنائے۔ جمعہ کے دن کو حضرت مسیح موعود کے زمانے سے خاص نسبت ہے کہ اس زمانے میں دنیاداری کی وجہ سے لوگوں میں جمعہ کی اہمیت کا احساس نہیں رہا یا نہیں رہنا تھا تو اللہ تعالیٰ نے خاص طور پر اپنی عبادت اور خاص طور پر جمعہ کی نماز کے حوالے سے سورۃ جمعہ میں مومنوں کو توجہ دلائی۔

حضور انور نے فرمایا کہ یہ جمعہ ہمیں دعاؤں کی طرف توجہ دلانے والا ہونا چاہئے اور اگر ہم اپنی توجہ دعاؤں پر رکھیں گے، اپنے اعمال اللہ اور رسولؐ کے حکموں کے مطابق بجالانے کی کوشش کریں گے تو دینی اور دنیاوی ترقیات حضرت مسیح موعود کی خلافت کے ساتھ جڑی رہنے والی جماعت کے ذریعہ دنیا کو نئی شان سے نظر آئیں گی۔ آج جبکہ دنیا لہو ولعب میں ڈوبی ہوئی ہے ایک احمدی کو اور ہر ملک کی ہر جماعت کو اپنی ذمہ داری سمجھتے ہوئے قرآن کریم کی تعلیم کو اپنے اندر لاگو کرنے اور اپنے ماحول میں بھی بھٹکی ہوئی انسانیت کو اس تعلیم سے روشناس کروانے کیلئے پہلے سے بڑھ کر کوشش کرنی چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا کہ آج محرم اور نئے سال کے پہلے جمعہ کے حوالہ سے جماعت احمدیہ عالمگیر کے ہر فرد سے میری یہ درخواست ہے کہ اپنے اندر ایک نئے جوش اور ولولے اور ایک نئی روح کے ساتھ ایسی پاک تبدیلی پیدا کریں اور اپنے اعمال میں وہ خوبصورتی پیدا کریں کہ عرش کے خدا کو بے اختیار آپ پر پیار آجائے۔ اپنی دعاؤں میں وہ ارتعاش پیدا کریں جس سے زمین وآسمان کا قادر وتوانا اور مجیب الدعوات خدا ہماری دعاؤں کو قبول فرماتے ہوئے دین حق کے تمام دنیا میں غالب آنے اور ایک انقلاب عظیم پیدا کرنے کا نظارہ ہمیں اپنی زندگی میں دکھادے۔

حضور انور نے فرمایا کہ دعاؤں کی قبولیت اور محرم کے حوالے سے اس مہینے میں درود شریف پر بہت زور دیں کہ قبولیت دعا کیلئے یہ نسخہ آنحضرتؐ نے ہمیں بتایا ہے۔ حضرت مسیح موعود نے اپنے عملی نمونے سے درود شریف پڑھنے کی برکات ہمارے سامنے پیش فرما کر ہمیں اس طرف خاص طور پر توجہ دلائی ہے۔
حضور انور نے احادیث میں درود شریف پڑھنے کی اہمیت اور برکات کے بارے میں بعض روایات پیش کیں اور فرمایا کہ ہمارا کام ہے کہ خالص ہوکر درود شریف کے مفہوم کو سمجھتے ہوئے عمدگی کے ساتھ آنحضرتؐ پر درود بھیجیں۔ اگر درود شریف کی اہمیت کو ہر فرد سمجھ لے تو آپس کی لڑائیاں، رنجشیں اور فساد خود بخود ختم ہو جائیں۔
حضور انور نے فرمایا کہ درود شریف میں جب ہم آل رسولؐ پر درود بھیجتے ہیں تو ان روحانی اور جسمانی رشتوں کا بھی خیال آتا ہے جو آنحضرت ﷺ سے تعلق رکھنے والے ہیں۔ اسی طرح آنحضرت ﷺ کے صحابہؓ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے آنحضرتؐ کے جسم مبارک کو نقصان سے بچانے کے لئے اپنے سینے آگے کر دیئے۔ غار والا واقعہ قرآن کریم میں درج کر کے حضرت ابوبکرؓ کو آنحضرت ﷺ کا بہترین ساتھی قرار دے دیا۔ پس محبوب سے حقیقی محبت یہ ہے کہ اس کے پیاروں سے بھی محبت ہو۔ آنحضرت ﷺ کی آل اور اصحاب اور تمام ان لوگوں سے جن سے ہمارے محبوب آقا نے محبت کی۔ ایسی محبت کا اظہار کریں جو بے مثال ہو۔

حضور انور نے امام حسینؓ کی محبت پر مشتمل حضرت مسیح موعود کے ارشادات پڑھ کر سنائے اور فرمایا کہ حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ کا مقام بھی ہمارے دلوں میں قائم ہے۔ صحابہؓ کا مقام بیان کرتے ہوئے خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ تعالیٰ سے راضی ہو گئے۔ پس ہمارے لئے تو آنحضرتؐ کے سب پیارے ہی بہت پیارے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو ہر قسم کے تفرقہ کو ختم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اللہ کرے یہ نیا سال جماعت احمدیہ کے لئے ہزاروں رحمتوں اور برکتوں کا سال بن کر چڑھے اللہ تعالیٰ ہر احمدی کو یہ سال ہر لحاظ سے مبارک کرے۔ آمین

نمایاں کامیابی

مکرم چوہدری امتیاز احمد صاحب امیر ضلع خوشاب تحریر کرتے ہیں۔
حکومت پنجاب کی جانب سے مضمون نویسی اور تقاریر کے مقابلہ جات میں ضلع خوشاب میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے احمدی طلباء کے نام اور کوائف درج ذیل ہیں۔

☆ مکرم رانا مجاہد احمد صاحب (وقف نو) ولد مکرم رانا حاکم صاحب ایف ایس سی پری میڈیکل سال دوم (ڈی پی ایس) جوہرآباد ضلع خوشاب نے اردو مضمون نویسی میں ضلع بھر میں کالجز کی سطح پر اوّل پوزیشن حاصل کی ہے۔

☆ مکرم رانا اسفندیار صاحب ولد مکرم رانا حاکم جمیل صاحب 8th کلاس (ڈی پی ایس) جوہرآباد ضلع خوشاب نے انگلش مضمون نویسی میں مقامی سطح پر اوّل، تحصیل سطح پر اوّل اور ضلع کی سطح پر دوئم پوزیشن حاصل کی ہے۔

☆ مکرم اویس احمد ورک صاحب ولد مکرم ناصر احمد ورک صاحب 6th کلاس گورنمنٹ ایلیمنٹری مڈل سکول نمبر 4 جوہرآباد ضلع خوشاب نے اردو تقاریر میں تحصیل کی سطح پر دوئم اور ضلع کی سطح پر اوّل پوزیشن حاصل کی ہے۔

احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ان احمدی بچوں کو زندگی کے ہر امتحان میں ہمیشہ نمایاں کامیابیاں عطا فرمائے۔ آمین

ماہر امراض معدہ وجگر کی آمد

مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ وجگر مورخہ 11 جنوری 2009ء کو ایڈمنسٹریشن بلاک میں 10:00 بجے صبح مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ ضرورت منداحباب وخواتین سے گزارش ہے کہ وہ ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے رابطہ کر کے اپنی رجسٹریشن کروالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

پیروی میں خیر

ہے وہ دھرتی محترم اپنے لئے عزت مآب
ہیں وہاں بے شک عقیدت اور محبت کے گلاب
جو کہا پیارے نے اس کی پیروی میں خیر ہے
پہلے جانے میں تھی برکت، اب نہ جانے میں ثواب

عبدالکریم قدسی

تعارف کتب

رفقائے احمد جلد پنجم

نام:۔رفقائے احمد
مصنف: مکرم ملک صلاح الدین صاحب ایم اے
ناشر: مکرم عبدالمنان کوثر صاحب
صفحات: 710

رفقائے احمد جلد پنجم مکرم ملک صلاح الدین صاحب ایم اے نے 1957ء اور اس کے بعد تین حصوں میں حضرت سید سرور شاہ صاحب کے حالات زندگی کے متعلق شائع کی تھی۔ خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے بابرکت سال 2008ء میں مجلس انصاراللہ پاکستان نے ان تینوں حصوں کو یکجا کر کے شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔

مکرم ملک صلاح الدین صاحب ایم اے نے ذاتی ذوق وشوق اور محنت شاقہ کے بعد رفقاء حضرت مسیح موعود کے حالات زندگی اکٹھے کئے اور انہیں شائع کرنے کی توفیق پائی۔ جماعتی اداروں اور رسالہ جات میں ان کتب کو بہت عزت و احترام سے دیکھا جاتا ہے۔ بلکہ تاریخ احمدیت میں بھی ان کتب کے حوالہ جات دیئے جاتے ہیں۔ 1963ء میں جب حضرت خلیفۃ المسیح الثالث صدر، صدر انجمن احمدیہ تھے آپ نے الفضل 27 جنوری 1963ء کو رفقاء احمد جلد 11 پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا:۔

''......احمد کی گیارہویں جلد مؤلف ملک صلاح الدین احمد ایم اے کو دیکھنے کا موقع ملا ہے بہت عمدہ مرقع ہے...... یہ کتاب انسائیکلوپیڈیا کا کام دیتی ہے''۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے اس تبصرے سے ہی اس کتاب کی اہمیت کا اندازہ ہو جاتا ہے۔

کتاب زیر تبصرہ کے پہلے حصہ میں حضرت سید سرور شاہ صاحب کے حسب نسب، حصول علم کی مساعی، حضرت مسیح موعود کی بیعت اور مباحثہ مُدّ کا تفصیلی ذکر ہے۔ دوسرے حصہ میں بیعت کے سن کی صحیح تعیین، نکاح ثانی، اولاد کا شجرہ نسب اور جماعتی خدمات کا تذکرہ ہے۔ تیسرے حصہ میں احمدی بزرگ علماء کا حضرت سید سرور شاہ کے بارے میں لکھے ہوئے تاثرات اور آپ کی سیرت کے بعض حسین پہلوؤں کا خوبصورت پیرایہ میں ذکر ہے۔ نیز بعض نشانات اور حضرت مسیح موعود و خلفاء احمدیت کے تعلقات کا بیان ہے۔ آخری حصہ میں آپ کی روایات، فتاویٰ اور تفسیر القرآن کے بعض نمونے شامل اشاعت کئے گئے ہیں۔ کتاب کے آخر میں اشاریہ اور انڈیکس بھی قاری کی سہولت کے لئے موجود ہے۔

حضرت سید سرور شاہ صاحب حضرت سید عبدالقادر جیلانیؒ کی نسل سے تھے۔ آپ عالم باعمل، زبردست مناظر، مفسر قرآن اور قابل استاد تھے۔ آپ نے سہارنپور اور دیوبند سے بھی کسب علم کیا۔ سہارنپور میں مولوی خلیل الرحمٰن انبیٹھوی نے آپ کو سند دی کہ ان کا ذہن کسی غلط بات کی طرف جاتا ہی نہیں۔ دیوبند میں مولوی محمود الحسن نے تفسیر قرآن کے پرچے میں آپ کو سو نمبر میں سے سو سے زائد نمبر دیئے کہ آپ کو کم نمبر دینا آپ کے پرچے کی توہین ہے۔

1897ء میں مسلسل خوابوں اور تدبر فی القرآن کے بعد حضرت مسیح موعود کی تحریری بیعت کی اور 1899ء میں پہلی دفعہ قادیان آئے۔ قادیان آنے سے قبل آپ نے خواب میں قادیان کا سارا نقشہ خواب میں دیکھا تھا۔ آپ بہترین مناظر تھے۔ مباحثہ مُدّ میں آپ کے کامیاب مناظر ہونے کی صلاحیتیں کھل کر سامنے آئیں۔ اس مناظرے میں آپ کی کامیابی اور قابلیت کا حضرت مسیح موعود نے اپنے قصیدہ میں بھی ذکر فرمایا جو کہ اعجاز احمدی میں شائع شدہ ہے۔

آپ کو حضرت خلیفۃ المسیح الاول اور حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کی غیر موجودگی میں بیت المبارک قادیان میں امام الصلوٰۃ کا شرف بھی حاصل رہا۔ حضرت مصلح موعود نے سفر پر جاتے ہوئے آپ کو امیر مقامی بھی مقرر فرمایا۔ نیز آپ مدرسہ احمدیہ کے ہیڈ ماسٹر، جامعہ احمدیہ کے پرنسپل اور سیکرٹری بہشتی مقبرہ کے طور پر خدمات دینیہ بجالاتے رہے۔ جب طاعون کا زور تھا ان دنوں آپ کو دارالمسیح میں رہائش رکھنے کی سعادت بھی نصیب ہوئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے سمدھی ہونے کا شرف اور آپ کے نواسے مکرم داؤد مظفر شاہ صاحب کو حضرت مصلح موعود کا داماد ہونے کا شرف بھی حاصل ہوا۔

سلام

اللہ اللہ وہ حسینؓ ابن علیؓ جس کے لئے
کربلا کی حشر سامانی تھی جنت کی امیں

بالیقیں وہ شخص سردارانِ جنت میں سے تھا
سرِبُریدہ دیکھتے تھے جس کو جنت کے مکیں

وہ سراپا عشق تھا ، معراج تھی اُس کی نماز
روح اس کی عرش پر تھی خاک پر اس کی جبیں

دیکھتی تھی فتنۂ شاہنشہی آتے ہوئے
آنے والے دور میں اس کی نگاہِ دُوربیں

کیوں سمجھ پایا نہ اُس کو دشمنِ آلِ رسولؐ
ایک تھا خونِ حسینؓ اور خونِ خیر المرسلیںؐ

جانے کیسی طاقتِ پرواز تھی اُس خون میں
ہوگئی جس خوں سے خاکِ کربلا گردوں نشیں

کر عطا اُمّت کو یا ربّ عزم و ایثارِ حسینؓ
ہو عطا پھر ملّتِ بیضا کو اِک حِصنِ حصیں

''ہر طرف کُفر است جوشاں ہمچو افواجِ یزید
دینِ حق بیمار و بیکس ہمچو زین العابدین''

ڈاکٹر محمود الحسن

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

خطبہ جمعہ

دلوں کو کجی سے بچانے کی دعا ہمیشہ ہر احمدی کا روزمرہ کا معمول ہونا چاہئے

جب انسان یہ دعا کرتا ہے تو ہر وقت ایک کوشش کے ساتھ راستے کی ٹھوکروں سے بچنے کی کوشش بھی کرنی ہوگی

حضرت مسیح موعود کی جماعت میں آنے کے بعد ہمیں لاپرواہ نہیں ہو جانا چاہئے بلکہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کی تلاش پہلے سے بڑھ کر کرنی چاہئے

جلسہ سالانہ قادیان میں شمولیت اور ہندوستان کی مختلف جماعتوں کے دورہ کے لئے سفر پر روانگی سے قبل احباب کو دعاؤں کی تحریک

مکرم بشیر احمد صاحب مہار (درویش قادیان) کی وفات اور مکرم محمد غضنفر چٹھہ صاحب کی راہ مولیٰ میں قربانی کا تذکرہ اور نماز جنازہ غائب

خطبہ جمعہ حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ 21 رنومبر 2008ء بمطابق 21 رنبوت 1387 ہجری شمسی بمقام بیت الفتوح، لندن (برطانیہ)

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ کے آغاز میں سورۃ ال عمران کی آیت 9 تلاوت کی اور فرمایا:

اے ہمارے ربّ ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ ہونے دے بعد اس کے کہ تو ہمیں ہدایت دے چکا ہے اور ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا کر۔ یقیناً تُو ہی ہے جو بہت عطا کرنے والا ہے۔

یہ آیت جو مَیں نے تلاوت کی ہے اس کا ترجمہ بھی آپ نے سنا۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی صفت وَہّاب کا واسطہ دے کر اپنے دین کی مضبوطی کی دعا مانگی گئی ہے۔ ایک تو یہ کہ زمانے کے امام کو ماننے کی جو ہمیں توفیق دی...... اے اللہ جو تُو نے ہمیں توفیق دی۔ اے اللہ تو نے اپنے پیاروں کی دعاؤں کو قبول کرتے ہوئے (۔) ہمیں اپنے فضل اور رحم سے اس کی جماعت میں شامل ہونے کی توفیق عطا فرمائی اور پھر آنحضرت ﷺ جو اے اللہ! تیرے سب سے پیارے بندے ہیں ان کی پیشگوئی جو یقیناً آپ ﷺ نے تجھ سے اطلاع پا کر کی تھی کہ مسیح موعود کے بعد خلافت کا نظام جاری ہوگا جو دائمی نظام ہے، جس سے جڑے رہنے سے وہ برکات حاصل ہونی ہیں جو اِس مسیح و مہدی کی جماعت سے وابستہ ہیں، اے اللہ! تُو نے ہم پر رحم فرماتے ہوئے اس نظام سے بھی منسلک کر دیا۔ اب ہماری کوتاہیوں، ہماری لغزشوں، ہماری غلطیوں کی وجہ سے ان تمام انعامات سے جو تُو نے ہم پر کئے محروم نہ کرنا۔

انسان غلطیوں کا پتلا ہے، اس سے غلطیاں اور کوتاہیاں ہوتی ہیں۔ ہم تیرے آگے جھکتے ہوئے، تیرے سے یہ التجا کرتے ہیں کہ کبھی اس وجہ سے یا کسی تکبر، غرور اور نخوت کی وجہ سے یا کسی بھی صورت میں ہماری شامت اعمال کی وجہ سے ہمیں کبھی وہ دن دیکھنے نصیب نہ ہوں جو ہمارے دلوں کو ٹیڑھا کر دیں، یا ہمارے اندر اتنی کجی پیدا ہو جائے جو ہمارے ان اعمال کی وجہ سے جو تیری نظر میں ناپسندیدہ ہیں، ہمیں تیری رحمت سے محروم کر دیں۔ پس ہمیں ہمیشہ ایسے بُرے اور بدنصیب وقت سے بچا۔

اور پھر اس جامع دعا میں صرف اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحمت سے محروم نہ رہنے کی دعا ہی نہیں سکھائی بلکہ یہ دعا ایک مومن بندے کو سکھائی کہ اس ہدایت پر ہم صرف قائم ہی نہ رہیں بلکہ یہ دعا کریں کہ اپنی طرف سے رحمت عطا کر، اپنی اس رحمت کی چادر میں لپیٹ لے جو ہمیشہ ہر شر سے محفوظ رکھے اور ہمارے ایمان میں اضافہ کرتی رہے۔ ہم ایمان میں ترقی کرتے رہیں، ہم ایقان میں ترقی کرتے رہیں، ہم تقویٰ میں ترقی کرتے رہیں، ہمارا ہر آنے والا دن ہمیں ایمان اور تقویٰ میں گزشتہ دن سے آگے بڑھانے والا ہو۔

پس یہ خوبصورت دعا ہمیشہ ہر احمدی کا روزمرہ کا معمول ہونا چاہئے اور اگر حقیقی رنگ میں یہ ہمارا معمول ہوگی تو ہم اپنی کمزوریوں پر نظر رکھنے میں بھی شعوری کوشش کرنے والے ہوں گے۔ اپنی عبادتوں کی طرف بھی دیکھنے والے ہوں گے۔ اپنی عبادتوں اور نمازوں کی حفاظت کرنے والے ہوں گے اور نتیجۃً نمازیں بھی ہماری حفاظت کر رہی ہوں گی۔ ایسے اعمال بجا لانے کی کوشش کرنے والے ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کی نظر میں پسندیدہ اعمال ہیں کیونکہ یہی اعمال ایمان میں اضافے کا باعث بنتے ہیں، ہدایت پر قائم رکھنے والے ہوتے ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ (۔) (سورۃ یونس آیت نمبر 10) یعنی یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک اور مناسب حال عمل کئے انہیں ان کا ربّ ان کے ایمان کی وجہ سے ہدایت دے گا۔

پس جب اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ ایمان کے ساتھ نیک اعمال ہدایت کا راستہ دکھانے کا باعث بنتے ہیں تو ایک مومن جب رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا کی دعا پڑھے گا تو اس کی برکات سے فیض پانے کے لئے، اپنے ایمان پر مضبوطی سے قائم رہنے کے لئے، ہر کجی اور ٹیڑھے پن سے بچنے کے لئے، دعا کے ساتھ اپنے عمل بھی اسی طرح ڈھالنے کی کوشش کرے گا جس طرح اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے۔ اپنے ایمان کو بچانے کے لئے جو دعائیں ہم کرتے ہیں، تبھی قبولیت کا درجہ پائیں گی جب اس کے لئے ہم اپنی عبادتوں میں بھی تسلسل رکھیں گے اور اعمال صالحہ بجا لانے کی بھی کوشش کریں گے۔ نظام جماعت سے مضبوط تعلق پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔ چھوٹی چھوٹی دنیاوی باتوں کو اپنے ایمان پر ترجیح نہیں دیں گے۔ کسی جماعتی کارکن کے ساتھ معمولی ذاتی رنجشوں کی وجہ سے نظام جماعت کو اعتراض کا نشانہ نہیں بنائیں گے۔

پس جب انسان یہ دُعا کرتا ہے تو ہر وقت ایک کوشش کے ساتھ راستے کی ٹھوکروں سے بچنے کی کوشش بھی کرنی ہوگی۔ ایک توجہ کے ساتھ یہ کوشش کرنی ہوگی۔ اگر کسی کے خلاف اس کے اپنے خیال میں جماعتی طور پر کوئی غلط فیصلہ بھی ہوا ہے تو جہاں تک اپیل کا حق ہے اسے استعمال کرنے کا ہر ایک کو حق ہے، اسے استعمال کر کے پھر معاملہ خدا تعالیٰ پر چھوڑ دینا چاہئے بجائے اس کے کہ پورے نظام پر بدظنی کرے۔ دنیاوی نقصان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے امتحان سمجھ کر برداشت کرنے کی کوشش کرنی چاہئے ورنہ اگر شکوے پیدا ہونے شروع ہوں تو پھر یہ بڑھتے بڑھتے جماعت سے دُور لے جاتے ہیں، خلافت سے بھی بدظنیاں پیدا ہونی شروع ہو جاتی ہیں۔

پس اللہ تعالیٰ نے یہ دعا سکھائی کہ ایک تو کبھی ایسا موقع ہی پیدا نہ ہو کہ ہمارے دل میں کبھی نظام جماعت کے خلاف مَیل آئے۔ ہمارے اعمال ہی ایسے ہوں جو اللہ تعالیٰ کی منشاء اور حکموں

کے مطابق ہوں اور نظام کو ہمارے سے کبھی شکایت پیدا نہ ہو۔ اور اگر کبھی کوئی ایسی صورت پیدا ہو جائے جو ہماری کسی بشری کمزوری کی وجہ سے کسی امتحان میں ڈال دے تو کبھی ایسا نتیجہ نہ نکلے جس سے ہمارے ایمان کو ٹھوکر لگے اور نظام جماعت یا نظام خلافت کے بارے میں کبھی بدظنیاں پیدا ہوں اور یہ سب کچھ نہیں ہو سکتا جب تک اللہ تعالیٰ کا فضل اور رحمت نہ ہو۔

حضرت مسیح موعود کی بیعت میں آنے کے بعد ہمیں لاپرواہ نہیں ہو جانا چاہئے بلکہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کی تلاش پہلے سے بڑھ کر کرنی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ نے پرانے انبیاء کی اور قوموں کی مثال اس لئے دی ہے کہ وہ بھی یہ سمجھتے تھے کہ ہم نے مان لیا اب آئندہ ہمیں کسی ہدایت کی ضرورت نہیں۔ یہودیوں اور عیسائیوں کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اسی حوالے سے کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آئندہ آنے والی جو ہدایت رکھی تھی اسے نہ مان کر وہ بگڑ گئے۔ جب بدظنیاں پیدا ہوتی ہیں تو صرف اپنے علم اور سوچ کی وجہ سے انسان کا ذہن محدود ہو جاتا ہے اور ان کے بگڑنے کی بھی یہی وجہ تھی اور نہ صرف ان کے دل ٹیڑھے ہو گئے بلکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں مغضوب اور ضالّ کے زمرہ میں شامل کیا۔ اللہ تعالیٰ نے جو ہر نماز کی ہر رکعت میں ہمیں سورۃ فاتحہ پڑھنے کی تلقین فرمائی ہے وہ اس لئے ہے کہ ان لوگوں سے سبق حاصل کرو اور ہر وقت اللہ تعالیٰ کا فضل اور اسی کی رحمت مانگتے رہو۔ اپنے دلوں کو ٹیڑھا ہونے سے بچاؤ ورنہ جس طرح اُن کی دین کی آنکھ ختم ہو گئی اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق کو بھول گئے، تم نہ کہیں بھول جانا۔ لیکن بدقسمتی سے اس پانچ وقت کی نمازوں کی دعا کے باوجود آج (۔) کی اکثریت انہی قدموں پر چل رہی ہے جو خدا تعالیٰ سے دُور لے جانے والے ہیں اور اس کی بنیادی وجہ یہی ہے کہ بدظنیاں اور اپنے آپ کو عالم سمجھنا۔......

پس ہم احمدی اُن خوش قسمت لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے مسیح موعود کو مان کر مَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ سے بچنے کی دُعا قبول ہوتے دیکھی اور اَلضَّآلِّیْن سے بچنے کی دعا بھی اللہ تعالیٰ نے ہمارے حق میں قبول فرمائی کہ ہم خدائے واحد کی عبادت کرنے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمیں اس پر قائم رکھے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کا یہ حکم کہ دعا کرو کبھی دل ٹیڑھے نہ ہوں اور کبھی مَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ اور ضَآلِّیْن میں شامل نہ ہوں، یہ دعا پڑھنے کا مستقل حکم ہے۔ اس لئے ہر احمدی کو اسے یاد رکھنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ دوسرے (۔) کو بھی اس دعا کو سمجھنے کی توفیق دے۔......

پھر ایک حدیث میں یہ بھی روایت ہے کہ جو حضرت شہر بن حوشب سے روایت ہے کہتے ہیں کہ مَیں نے اُمّ سلمہؓ سے پوچھا کہ اے اُمّ المومنین! آنحضرت ﷺ جب آپ کے یہاں ہوتے تھے تو کون سی دعا کرتے تھے۔ اس پر اُمّ سلمہؓ نے بتایا کہ آنحضرت ﷺ یہ دعا پڑھتے تھے کہ یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ کہ اے دلوں کو پھیرنے والے میرے دل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھ۔ اُمّ سلمہؓ کہتی ہیں کہ مَیں نے آنحضرت ﷺ سے اس دعا پر مداومت کی وجہ پوچھی کہ آپؐ باقاعدگی سے اس کو کیوں پڑھتے ہیں۔ تو آپؐ نے فرمایا کہ اے اُمّ سلمہ! انسان کا دل خدا تعالیٰ کی دو انگلیوں کے درمیان ہے جس شخص کو ثابت قدم رکھنا چاہے اس کو ثابت قدم رکھے اور جس کو ثابت قدم نہ رکھنا چاہے اس کے دل کو ٹیڑھا کر دے۔ (سنن ترمذی۔......)

پس دیکھیں کس قدر خوف کا مقام ہے اور ہمیں اپنے دل کو ٹیڑھا ہونے سے بچانے کے لئے کس قدر دعا کی ضرورت ہے کیونکہ بدظنیاں ہیں، چھوٹی چھوٹی شکایتیں ہیں جو پھر اتنی دُور لے جاتی ہیں کہ آدمی دین سے بھی جاتا ہے۔ کیا آنحضرت ﷺ کا دل نعوذ باللہ ٹیڑھا ہو سکتا تھا۔ یقیناً نہیں اور کبھی نہیں ہو سکتا تھا۔ آپؐ کا دل تو خدا تعالیٰ کی یاد کے علاوہ کچھ تھا ہی نہیں۔ آپؐ سے تو خدا تعالیٰ نے یہ اعلان کروایا کہ (۔) (آل عمران: 32) یعنی میری اتباع کرو اس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔ پس آپؐ کا دل ٹیڑھا ہونے کا کیا سوال ہے۔ آپؐ کی پیروی تو گناہوں کی بخشش کے سامان کرنے والی ہے۔ آپؐ کا اوڑھنا بچھونا، جینا مرنا خدا تعالیٰ کے لئے تھا۔ آپؐ نے ایک دفعہ فرمایا کہ نیند میں بھی میری آنکھیں تو سوتی ہیں لیکن دماغ میں اُس وقت بھی اللہ تعالیٰ کی یاد ہوتی ہے۔

پس آنحضرت ﷺ کی دُعا ہمارے لئے نمونہ قائم کرنے کے لئے تھی جو آپؐ کیا کرتے تھے اور اُمّت کے لئے تھی کہ ان کے دل کبھی ٹیڑھے نہ ہوں......

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ: ’’دینی علم اور پاک معارف کے سمجھنے اور حاصل کرنے کے لئے پہلے سچی پاکیزگی کا حاصل کر لینا اور ناپاکی کی راہوں کا چھوڑ دینا ازبس ضروری ہے۔ اسی واسطے اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا ہے۔(۔) (الواقعہ: 80) یعنی خدا کی کتاب کے اسرار کو وہی لوگ سمجھتے ہیں جو پاک دل ہیں اور پاک فطرت اور پاک عمل رکھتے ہیں۔ دنیوی چالاکیوں سے آسمانی علم ہرگز حاصل نہیں ہو سکتے‘‘۔

(ست بچن۔ روحانی خزائن جلد 10 صفحہ 126)

پھر آپ فرماتے ہیں: ’’قرآنی حقائق صرف انہیں لوگوں پر کھلتے ہیں جن کو خدائے تعالیٰ اپنے ہاتھ سے صاف اور پاک کرتا ہے‘‘۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد 1 صفحہ 612۔ بقیہ حاشیہ در حاشیہ نمبر 3)

......پس اُن کی حالت دیکھ کر جہاں ہمیں احمدی ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکرگزار ہونا چاہئے وہاں ہمیشہ ہر قسم کے ٹیڑھ سے بچنے کے لئے دعائیں بھی کرتے رہنا چاہئے۔ اور جوں جوں دنیا مادیت کی طرف بڑھ رہی ہے اور خدا تعالیٰ کو بھول رہی ہے پہلے سے بڑھ کر یہ دعا کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس انعام کی برکت سے کبھی محروم نہ کرے۔ ہمیشہ ہمیں ثبات قدم عطا فرمائے اور ہمارے ایمان کو اپنی رحمت سے بڑھائے۔ رحمت عطا ہونے کی دعا بھی اللہ تعالیٰ نے ہی سکھائی ہے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت انہی کو ملتی ہے جو اللہ تعالیٰ کے عبادت گزار اور ایمان میں بڑھنے کی کوشش کرنے والے ہیں۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:

’’قرآن شریف میں......ایک جگہ فرمایا ہے (۔) (الاحزاب: 44) یعنی خدا کی رحیمیت صرف ایمانداروں سے خاص ہے۔ جس سے کافر کو یعنی بے ایمان اور سرکش کو حصہ نہیں‘‘۔

پھر فرمایا ’’جو مومنین سے رحمت خاص متعلق ہے، ہر جگہ اس کو رحیمیت کی صفت سے ذکر کیا ہے‘‘۔

فرمایا: (۔) (الاعراف: 57) یعنی رحیمیت الٰہی انہیں لوگوں سے قریب ہے جو نیکوکار ہیں۔ پھر ایک اور جگہ فرمایا ہے (۔) (البقرۃ: 219) یعنی جو لوگ ایمان لائے اور خدا کے لئے وطنوں سے یا نفس پرستیوں سے جدائی اختیار کی اور خدا کی راہ میں کوشش کی وہ خدا کی رحیمیت کے امیدوار ہیں اور خدا غفور اور رحیم ہے۔ یعنی اس کا فیضانِ رحیمیت ضرور اُن لوگوں کے شامل حال ہو جاتا ہے کہ جو اُس کے مستحق ہیں۔ کوئی ایسا نہیں جس نے اُس کو طلب کیا اور نہ پایا‘‘۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد 1 صفحہ 451-452۔ بقیہ حاشیہ در حاشیہ نمبر 11)

پس یہاں پھر واضح ہو گیا کہ رحمت بے شک اللہ تعالیٰ کی طرف سے آتی ہے لیکن آتی ان کو ہے جو ایمان میں بڑھنے کی کوشش کرتے ہیں اور محسنین میں شامل ہونے کی جستجو کرتے ہیں۔ اور محسنین کون ہیں؟ محسنین وہ ہیں جو نیک اعمال بجا لانے والے ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ کی رحمت کو جذب کرنے کے لئے دعاؤں کے ساتھ ہر قسم کے ٹیڑھ سے بچنے کی کوشش کی بہت زیادہ ضرورت ہے اور نہ صرف ٹیڑھ سے بچنے کی کوشش ہے بلکہ محسنین میں شامل ہونے کی کوشش کی ضرورت ہے۔ ایسے لوگ جو نیک اعمال بجا لانے کی کوشش کرتے ہیں وہی محسنین ہیں اور پھر عام اعمال ہی بجا نہیں لاتے بلکہ اس کے اعلیٰ معیار حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور آنحضرت ﷺ کے ایک ارشاد کے مطابق اس سوچ سے ہر کام کر رہے ہوتے ہیں کہ خدا کی ہم پر ہر وقت نظر ہے اور جیسا کہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ نفس پرستیوں سے جدائی اختیار کرنے والے ہوں اور بچنے والے ہوں اور نیک اعمال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کی کوشش کرنے والے ہوں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ ہم اپنی عبادتوں اور اپنے اعمال کی حفاظت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ

کے آگے جھکتے ہوئے ہمیشہ نفس پرستیوں سے بچنے والے ہوں، ہر قسم کی ٹیڑھ سے اللہ تعالیٰ کی مدد مانگتے ہوئے بچنے والے ہوں تا کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے جو انعامات اللہ تعالیٰ نے ہمیں عطا فرمائے ہیں ان کی قدر کرنے والے بنیں اور پھر یہ رحمت ہم پر اور ہماری نسلوں پر بڑھتی اور پھیلتی چلی جائے۔

دوسرے ایک بات میں سفر کے حوالے سے دعا کے لئے یہ کہنی چاہتا ہوں کہ انشاء اللہ تعالیٰ سفر شروع ہونے والا ہے۔ لوگ جانتے ہیں کہ مَیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے انشاء اللہ قادیان کے سفر پر جا رہا ہوں۔ قادیان کا انشاء اللہ تعالیٰ جلسہ ہے۔ اس کے لئے دعا کریں کہ ہر لحاظ سے کامیاب اور بابرکت ہو۔ اللہ تعالیٰ ہر شر سے ہر احمدی کو محفوظ رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت سے لوگ دنیا کے مختلف ممالک سے وہاں جا رہے ہیں۔ حکومت ہند کو اپنے مسائل کی وجہ سے بڑی تعداد میں ویزے دینے میں کچھ مشکلات ہیں۔ اس لئے ویزوں میں کچھ روک بھی پیدا ہو رہی ہے لیکن بہر حال کچھ کو مل گئے اور کچھ جانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ بہر حال حکومت نے کافی تعاون کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام جانے والوں کو ہر طرح اپنی حفاظت میں رکھے۔ ان روکوں کی وجہ سے جو خواہش کے باوجود جا نہ سکیں انہیں ان کی نیتوں کا اللہ تعالیٰ ثواب دے۔ بہر حال جانے والے بھی اور نہ جانے والے بھی مستقل دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ حاسدوں اور شریروں کے شر سے ہر وقت بچائے کیونکہ ان لوگوں کی نظر تو ہر وقت جماعت پر رہتی ہے۔ اور جو وہاں قادیان میں رہنے والے ہیں ان کو بھی اللہ تعالیٰ ہر قسم کے شرور سے محفوظ رکھے۔

قادیان کے علاوہ انڈیا کی بعض دُور دراز کی جماعتوں کی خواہش تھی کہ ان کی جماعتوں میں بھی دورہ کیا جائے جو قادیان نہیں آ سکتے۔ ہندوستان ایک بڑا وسیع ملک ہے اور غریب لوگ ہیں اس لئے نہیں آ سکتے۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ بعض دوسرے شہروں میں بھی جانے کا پروگرام ہے۔ اللہ تعالیٰ ان جگہوں کے پروگرام بھی ہر لحاظ سے کامیاب فرمائے اور میرا یہ دورہ بے شمار برکات کا حامل ہو اور ان کو سمیٹنے والا ہو اور دشمن کا ہر حربہ اور چال ناکام و نامراد ہو اور ہم جماعت کی ترقی ہمیشہ دیکھتے چلے جائیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہماری پردہ پوشی فرمائے اور کبھی ہم اس کے فضلوں اور رحمتوں سے محروم نہ رہیں۔

اس کے علاوہ ابھی نمازوں کے بعد دو جنازے بھی پڑھاؤں گا۔ ایک جنازہ تو ہمارے درویش بھائی مکرم بشیر احمد صاحب مہار کا ہے جنہوں نے قادیان میں اپنی درویشی کی زندگی گزاری۔ 3 نومبر کو ان کی وفات ہوئی تھی۔ (۔) آپ قادیان کے ابتدائی درویشوں میں سے تھے اور اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہتے ہوئے ساری زندگی بڑی درویشی کی حالت میں بسر کی ہے۔ باوجود اس کے کہ ان کو دو تین دفعہ ایسے موقعے میسر آئے کہ پاکستان جا سکتے تھے وہاں ان کا خاندان تھا ان کی جائیداد تھی، زمینیں تھیں لیکن انہوں نے کہا نہیں اب مَیں قادیان میں ہی رہوں گا۔ یہیں میرا مرنا اور دفن ہونا ہے۔ بڑے نیک، سادہ مزاج، نمازوں کے پابند، تہجد گزار اور دعا گو انسان تھے۔ بڑے خاموش طبع تھے۔ خلافت کے ساتھ بھی بڑا والہانہ لگاؤ تھا۔ ہر تحریک پہ لبیک کہنے والے تھے۔ ان کی پانچ بیٹیاں اور ایک بیٹا ہے۔ موصی تھے۔ ان کی تدفین وہیں قطعہ خاص درویشان میں ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے اور ہمیشہ اپنے پیار کی نظر ان پر ڈالے۔

دوسرا جنازہ مکرم محمد غضنفر چٹھہ صاحب کا ہے۔ آپ بورے والا میں نظارت مال آمد پاکستان کی طرف سے انسپکٹر مال آمد تھے۔ 18 نومبر کو دورے کے دوران جب آپ ضلع وہاڑی کا دورہ کر رہے تھے امیر صاحب کی رہائش گاہ کے قریب دو نامعلوم موٹر سائیکل سوار آئے، ان سے بیگ چھیننے کی کوشش کی اور مزاحمت پر فائر کیا اور یہ...... ہو گئے۔ (۔) آپ کی عمر 56 سال تھی۔ آپ کا تعلق بھی وہاڑی سے ہی تھا۔ اس لحاظ سے بھی مَیں اس کو جماعتی...... سمجھتا ہوں کہ میرا خیال ہے کہ بیگ میں بھی جماعتی سامان اور چیزیں اور کاغذات تھے اور ہو سکتا ہے رقم بھی ہو۔ اس لحاظ سے ان کی...... جماعتی...... بھی کہلا سکتی ہے، صرف ڈکیتی کی...... نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سے مغفرت کا سلوک فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔

خلافت۔ ہماری زندگی

خلافت سے ہماری زندگی ہے
خلافت سے ہی شان احمدی ہے

نبوت قدرت اولیٰ کی مظہر
خلافت دوسری جلوہ گری ہے

خدا کی ذات کی زندہ گواہی
اسی کے فیض سے ہم کو ملی ہے

خدا کے قرب کا سچا وسیلہ
خلافت ہے کہ حبل اللہ یہی ہے

جو مقصد لے کے آیا تھا مسیحا
اسی کی آبیاری ہو رہی ہے

جہاں بھر میں مسلسل کامرانی
خلافت کی بدولت ہی ملی ہے

غم و آلام کا اکسیر مرہم
ہر اک بگڑی ہوئی اس سے بنی ہے

سدا دیتا رہے گا پھل یہ پودا
کہ اس کا سلسلہ اب دائمی ہے

تری دہلیز پر سجدہ کناں ہوں
کہ یہ نعمت عطائے سرمدی ہے

عطاء المجیب راشد

مکرم منصور احمد خان صاحب

دین حق امن، سلامتی اور محبت کا مذہب

اس مضمون میں دین حق کی سماجی، انسانی، سیاسی اور اقتصادی حقوق سے متعلق تعلیمات پیش کی جاتی ہیں۔ ساتھ ہی ان ہدایات کو بھی پیش کیا جاتا ہے۔ جن سے دین کی امن دوستی اور سلامتی کا پیغام نکلتا ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے عملی کردار کو بھی خاکسار تحریر کر رہا ہے۔ جس کے تحت اس چیز کی عکاسی ہوتی ہے کہ کس طرح حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسلام کی امن، سلامتی اور محبت کی تعلیمات کو عملی طور پر پیش کیا۔

مذہبی امن وسلامتی

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

دین میں کوئی جبر نہیں (سورۃ البقرۃ آیت نمبر:257)

دین حق کے نزدیک دین و مذہب اختیار کرنے میں کوئی زور زبردستی نہیں ہے اور ہر انسان اپنی مرضی اور خواہش کے مطابق کوئی بھی مذہب اختیار کر سکتا ہے۔ دنیا میں اکثر و بیشتر امن اور سلامتی کے مسائل اس وقت کھڑے ہوتے ہیں جب ایک انسان زبردستی دوسرے انسان کو اپنے مذہب و دین کے مطابق چلنے پر مجبور کرتا ہے۔ خاکسار دین حق کی نہایت ہی پیاری تعلیم تمام انسانوں کے سامنے رکھتا ہے۔ کہ حقیقی و سچی امن و سلامتی اس وقت ہی قائم و دائم رہ سکتی ہے کہ جب انسان کو اس چیز کی آزادی دی جائے کہ وہ کوئی بھی مذہب اختیار کرنے میں آزاد ہے۔

عزت کا تحفظ

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو (تم میں سے) کوئی قوم کسی قوم پر تمسخر کرے۔ ممکن ہے وہ ان سے بہتر ہو جائیں اور نہ عورتیں، عورتوں سے (تمسخر کریں) ہو سکتا ہے کہ وہ ان سے بہتر ہو جائیں اور اپنے لوگوں پر عیب مت لگایا کرو اور ایک دوسرے کو نام بگاڑ کر نہ پکارا کرو۔

کتنی پیاری تعلیم دین نے دی ہے۔ معاشرے میں امن و سلامتی کے مسائل اس لئے بھی پیدا ہوئے ہیں۔ جب ایک دوسرے کی عزت پر حملہ کیا جائے۔ جس سے دل میں نفرتیں پیدا ہونی شروع ہو جاتی ہیں اور بڑھتے بڑھتے ایک ایسے مسئلے کو پیدا کر دیتی ہیں جو معاشرے میں بگاڑ کا سبب بنتا ہے اور معاشرے کا امن اور سکون تباہ ہو جاتا ہے اسی وجہ سے دین نے یہ تعلیم دی ہے کہ ایک دوسرے کی عزت و احترام کرو تا کہ اس سے معاشرے میں امن وسلامتی کا ماحول ہو۔

نجی زندگی کا تحفظ

قرآن شریف میں ہے کہ:

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو۔ ظن سے بکثرت اجتناب کیا کرو۔ یقیناً بعض ظن گناہ ہوتے ہیں۔ نیز تجسس نہ کیا کرو اور تم میں سے کوئی دوسرے کی غیبت نہ کرے۔ (سورۃ الحجرات آیت:13)

دین حق کی یہ جامع تعلیم ہے کہ جس پر عمل نہ کرنے سے معاشرے میں بگاڑ پیدا ہوتا ہے اور امن اور سلامتی خطرے میں پڑ جاتی ہے۔ اس لئے دین حق نے یہ تعلیم دی ہے کہ کسی کی بھی نجی زندگی کے بارے میں کھوج لگانا ایک بری عادت ہے اور غیبت کرنا بھی ایک ناپسندیدہ عمل ہے۔ یہ وہ تمام امور ہیں جن سے دور رہ کر معاشرہ میں امن اور سلامتی کا ماحول پیدا ہو سکتا ہے۔

انسانی جان کا تحفظ

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

جس نے کسی ایسے نفس کو قتل کیا جس نے کسی دوسرے کی جان نہ لی ہو۔ یا زمین میں فساد نہ پھیلایا ہو تو گویا اس نے تمام انسانیت کو قتل کر دیا اور جس نے اسے زندہ رکھا تو گویا اس نے تمام انسانیت کو زندہ کر دیا۔ (سورۃ المائدۃ آیت نمبر:33)

معاشرے میں امن و سلامتی قائم رکھنے کے لئے کتنی حسین تعلیم ہے کہ کسی بے گناہ انسان کا قتل تمام انسانیت کا قتل ہے۔ (غور فرمائیے! بے گناہ انسان، یہ نہیں کہا گیا کہ کسی بے گناہ مسلمان بلکہ تمام انسانیت کو اپنی امن و سلامتی کی چادر میں لے لیا ہے) اور اگر کسی ایک انسان کی جان بچتی ہے تو گویا وہ تمام انسانیت کو زندگی فراہم کرتا ہے۔ ایسا امن اور سلامتی کا پیغام کسی دوسرے مذہب میں نہیں ہے۔

مذاہب کا احترام

قرآن شریف میں ہے کہ:-

ترجمہ:- اور تم ان کو گالیاں نہ دو۔ جن کو وہ اللہ کے سوا پکارتے ہیں۔ (سورۃ الانعام آیت:109)

دین نے امن و سلامتی اور بین المذاہب رواداری قائم رکھنے کی خاطر کتنی حسین و پیاری تعلیم دی ہے۔ کہ ان کے جھوٹے معبودوں کو برا نہ کہو۔ کیوں کہ ان جھوٹے معبودوں کو ماننے والوں کے دلوں میں ان کی بے حد عزت اور بے پناہ احترام ہے اور جب وہ اپنے معبودوں کے خلاف سنیں گے تو انسانی فطرت کے تحت ردعمل ایسا ہوگا جس سے معاشرے میں بدامنی پیدا ہوگی۔

تو مذہب نے ہر اس چیز سے روک دیا۔ جس سے کہ معاشرے میں امن اور سلامتی اور محبت کا توازن بگڑ سکتا ہے۔

حاکم وقت کی اطاعت

قرآن شریف میں ہے کہ اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو۔ اللہ کی اطاعت کرو، اور رسول کی اطاعت کرو نیز حاکم وقت کی بھی۔ (سورۃ النساء آیت نمبر:60)

ہم اپنے آس پاس کے معمول میں دیکھتے ہیں کہ کتنی سیاسی تنظیمیں ہیں۔ جو دعویٰ کرتی ہیں کہ ہم اللہ اور اس کے حبیب کی اطاعت کرتی ہیں۔ مگر حاکم وقت کے خلاف ہوتی ہیں۔ حاکم وقت کے خلاف جلسے اجلاس اور ہڑتالیں ہیں۔ جس سے نقص امن پیدا ہوتا ہے اور معاشرے میں امن و سلامتی کا اس وجہ سے دور دور تک نام و نشان نہیں ہوتا۔

تو اس آیت میں دین نے یہ تعلیم دی ہے کہ اگر تم اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہو تو حاکم وقت کی بھی اطاعت کرو اور اس طرح معاشرے میں محبت بھی قائم ہوگی اور امن اور سلامتی کا بھی ماحول ہوگا۔

معاشی نظام

دینی اقتصادی نظام میں سود کو حرام قرار دیا گیا ہے قرآن شریف میں ہے کہ

اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو۔ اللہ سے ڈرو اور چھوڑ دو جو سود میں سے باقی رہ گیا ہے۔ اگر تم فی الواقع مومن ہو۔ (سورۃ البقرۃ آیت نمبر:279)

سود کی وجہ سے معاشرے میں بگاڑ پیدا ہوتا ہے اور سود کے لین دین کی وجہ سے نت نئے مسائل معاشرے میں جنم لیتے ہیں جن کا انجام بدامنی پر ہی ہوتا ہے۔

امن، سلامتی اور محبت کا مذہب

یہاں دو معاہدوں کا ذکر کیا جاتا ہے جو صرف اور صرف اس وجہ سے کئے گئے کہ معاشرے میں امن و سلامتی کا قیام ہو۔

معاہدۂ حلف الفضول

یہ معاہدہ رسول اللہؐ نے اپنی جوانی میں کیا۔ اس معاہدے کے اہم نکات یہ ہیں:-

1۔ مکہ سے بدامنی دور کی جائے گی۔
2۔ مسافروں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔
3۔ مظلوموں کی مدد کی جائے گی۔

میثاق مدینہ

حضرت محمد ﷺ نے یہود کے ساتھ 623ء میں معاہدہ کیا۔ اس معاہدے سے معاشرے میں مثالی مذہبی رواداری اور قیام امن میں مدد ملی۔

پڑوسی کے حقوق

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے ارشاد فرمایا:-

بخدا! تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا۔ جب تک اس کے شر سے اس کا پڑوسی محفوظ نہ ہو۔ (صحیح بخاری)

آپؐ کی ایک اور روایت ہے کہ:-

وہ شخص ہرگز جنت میں داخل نہیں ہو سکتا۔ جس کا پڑوسی اس کے شر سے محفوظ نہ ہو۔ (صحیح مسلم)

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے ہر اس چیز کو کرنے کا حکم دیا ہے۔ جس کی وجہ سے معاشرے میں پیار و محبت کا ماحول قائم ہو اور ہر اس چیز سے روک دیا۔ جس سے کہ بدامنی اور فساد کا معاشرہ میں اندیشہ ہو۔ اب دیکھئے پڑوسی کے حقوق: آپؐ باریک باریک باتوں کو جانتے تھے کہ جن سے معاشرے کا امن و سکون برباد ہو سکتا ہے اس ہی وجہ سے آپ ﷺ نے فرمایا کہ پڑوسی کے ساتھ پیار و محبت کا سلوک کرنا ہے اور جب پڑوسی سے پیار و محبت کا سلوک ہوتا تو تکلیف یا دکھ دینے کی بات ہو ہی نہیں سکتی۔

حضرت محمد ﷺ نے پڑوسی کے لئے اتنے حقوق بتائے ہیں کہ بعض دفعہ صحابہ کرامؓ کو خیال ہوا کہ کہیں آپ پڑوسی کو جائیداد کا وارث یا حصہ دار نہ بنا دیں۔

فتح مکہ

رمضان 8 ہجری (630ء) میں جب فتح مکہ ہوا تو تمام دشمنان اسلام کی گردنیں آپ کے ہاتھ میں تھیں۔ اس موقعہ پر آنحضرت ﷺ نے تمام دشمنان اسلام کو معاف فرما دیا۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے امن اور سلامتی کا پیغام عام دیا۔

دانشور لین پول لکھتا ہے کہ:-

حقائق سخت ہوتے ہیں اور یہ حقیقت ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس دن اپنے دشمنوں پر فتح پائی اور جو ان کی عظیم ترین فتح تھی۔ وہ ہی دن دراصل حضرت محمد ﷺ کی ذات اور انسانیت کی عظیم ترین فتح کا دن تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ کے لوگوں کو عام معافی دے دی۔

یہ وہی لوگ تھے۔ جن کے ناقابل بیان مظالم اور اذیتوں کا نشانہ مسلمان بن رہے تھے۔ انسانی تاریخ میں ایسی کوئی مثال نہیں مل سکتی۔ جس طرح محمد صلی اللہ علیہ وسلم فاتح کی حیثیت سے مکہ میں داخل ہوئے۔ دنیا کا کوئی فاتح اس طرح کسی مفتوحہ شہر میں اس طرح داخل نہیں ہوتا۔

(ماخوذ از کتاب ''رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور رواداری'' مولف ڈاکٹر حافظ محمد شافی)

Translated from"Studies in Mosque" written by Lane Pool stanlay-1966

جارج برنارڈ شا

نے بالکل صحیح کہا تھا کہ:-

آج دنیا کے امن اور سلامتی کی ضمانت صرف اور صرف حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی میں آنے سے وابستہ ہیں۔ کیوں کہ آج دین حق ہی ہے۔ جو امن اور سلامتی اور محبت کا مذہب ہے۔

پس (دین) کو قبول کر کے فتح محبت امن اور سلامتی کی ہوگی۔ (انشاءاللہ)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر93990 میں شازیہ احمد

زوجہ ملک کوثر احمد قوم شیخ پیشہ خانہ داری عمر 35 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جوہر ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-6-4 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور مالیتی -/35000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شازیہ احمد۔ گواہ شد نمبر 1 منصور احمد۔ گواہ شد نمبر 2 ملک کوثر احمد خاوند موصیہ

مسل نمبر93991 میں صوبیہ ناز

بنت احسان ایز دساہی قوم ساہی پیشہ طالب علم عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم شرقی نور ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-12-7 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 1 تولہ مالیتی -/23000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ صوبیہ ناز۔ گواہ شد نمبر 1 عبدالرشید ارشد۔ گواہ شد نمبر 2 احسان ایز دساہی والد موصیہ

مسل نمبر93992 میں صداقت احمد راشد

ولد مبارک احمد شاد قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-10-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ صداقت احمد راشد۔ گواہ شد نمبر 1 طارق احمد شاد۔ گواہ شد نمبر 2 مبارک احمد شاد

مسل نمبر93993 میں محمد احسان

ولد محمد حسین قوم بھٹی راجپوت پیشہ مزدوری عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میرا بھڑ کا ضلع میرپور (A.K) بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-12-3 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد احسان۔ گواہ شد نمبر 1 شکیل اختر معلم سلسلہ۔ گواہ شد نمبر 2 محمد یوسف بٹ وصیت نمبر 25639

مسل نمبر93994 میں عبدالغنی

ولد عبداللطیف قوم مغل پیشہ مزدوری عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میرا بھڑ کا (A.K) بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-12-3 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عبدالغنی۔ گواہ شد نمبر 1 محمد یوسف بٹ مربی سلسلہ۔ گواہ شد نمبر 2 شکیل اختر معلم سلسلہ

مسل نمبر93995 میں مدیحہ ظفر

بنت ڈاکٹر ظفر جاوید قوم بھٹی راجپوت پیشہ طالب علم عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میرا بھڑ کا ضلع میرپور (A.K) بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-12-3 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مدیحہ ظفر۔ گواہ شد نمبر 1 شکیل اختر معلم سلسلہ۔ گواہ شد نمبر 2 محمد یوسف بٹ مربی سلسلہ

مسل نمبر93996 میں مونس احمد

ولد ظفر جاوید قوم راجپوت بھٹی پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میرا بھڑ کا ضلع میرپور (A.K) بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-12-3 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ مونس احمد۔ گواہ شد نمبر 1 ظفر جاوید گواہ شد نمبر 2 شکیل اختر معلم سلسلہ

مسل نمبر93997 میں واصل احمد ظفر

ولد ظفر جاوید قوم راجپوت بھٹی پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میرا بھڑ کا ضلع میرپور (A.K) بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-12-3 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ واصل احمد ظفر۔ گواہ شد نمبر 1 ظفر جاوید والد الموصی۔ گواہ شد نمبر 2 مونس احمد

مسل نمبر93998 میں محمد لقمان

ولد حاجی محمد اکبر قوم بھٹی راجپوت پیشہ ملازمت عمر 58 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میرا بھڑ کا ضلع میرپور (A.K) بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-12-3 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زمین 100 کنال واقع رکھ بھرپڑی ضلع جھنگ اندازاً مالیتی -/400000 روپے (2) پلاٹ 5 مرلہ واقع میرپور اندازاً مالیتی اندازاً -/600000 روپے (3) ملبہ مکان اندازاً مالیتی -/50000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10030 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد لقمان۔ گواہ شد نمبر 1 طارق محمود۔ گواہ شد نمبر 2 شکیل اختر معلم سلسلہ

مسل نمبر93999 میں عابدہ تبسم

بنت محمد لقمان قوم بھٹی راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میرا بھڑ کا ضلع میرپور (A.K) بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-12-3 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عابدہ تبسم۔ گواہ شد نمبر 1 طارق محمود گواہ شد نمبر 2 شکیل اختر معلم سلسلہ

مسل نمبر94000 میں محمد اویس

ولد محمد لقمان قوم بھٹی راجپوت پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میرا بھڑ کا ضلع میرپور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-12-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد اویس۔ گواہ شد نمبر 1 طارق محمود۔ گواہ شد نمبر 2 محمد عثمان

مسل نمبر94001 میں شمیم احمد

ولد عبدالحق (مرحوم) قوم راجپوت بھٹی پیشہ مزدوری عمر 36 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میرا بھڑ کا ضلع میرپور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-12-3 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) عدد کمرہ ملبہ کی مالیت -/12000 روپے: نوٹ۔ (جگہ واپڈا کی ہے)۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ شمیم احمد۔ گواہ شد نمبر 1 داؤد احمد وصیت نمبر 32213۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالرحیم

مسل نمبر94002 میں حسینہ نصرت

زوجہ عبدالرحیم قوم راجپوت بھٹی پیشہ خانہ داری عمر 35 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میرا بھڑ کا ضلع میرپور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-12-03 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور وزن ڈیڑھ تولہ مالیتی -/36000 روپے (2) حق مہر وصول شدہ -/10000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ حسینہ نصرت۔ گواہ شد نمبر 1 داؤد احمد وصیت نمبر 32213 گواہ شد نمبر 2 عبدالرحیم

مسل نمبر94003 میں شاہد احمد انجم

ولد عبدالسلام قوم راجپوت بھٹی پیشہ ملازمت عمر 33 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میرا بھڑ کا ضلع میرپور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-12-03 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/6610 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ شاہد احمد انجم۔ گواہ شد نمبر 1 رفیق احمد۔ گواہ شد نمبر 2 محمود احمد اختر وصیت نمبر 27418

مسل نمبر94004 میں خلیل الرحمٰن

ولد عبدالسلام قوم راجپوت بھٹی پیشہ مزدوری عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میرا بھڑ کا ضلع میرپور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 08-12-03 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1800 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد خلیل الرحمٰن۔ گواہ شد نمبر 1 داؤد احمد وصیت نمبر 32213۔ گواہ شد نمبر 2 جاوید اقبال وصیت نمبر 42231

مسل نمبر 94005 میں نایاب رحمٰن

ولد عبدالرحمان شاد قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 53 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ٹاؤن شپ لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 08-08-03 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر -/20000 روپے (2) طلائی زیورات بوزن 3 تولے مالیتی -/67500 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ نایاب رحمٰن۔ گواہ شد نمبر 1 عبدالرحمٰن شاد۔ گواہ شد نمبر 2 ارشد اقبال بھٹی

مسل نمبر 94006 میں امام بخش

ولد زیاد بخش قوم گوندل جٹ پیشہ ملازمت عمر 67 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ٹاؤن شپ لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 08-09-15 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (2) 1 عدد موٹر سائیکل مالیتی -/30000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3500 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ امام بخش۔ گواہ شد نمبر 1 اللہ دتہ۔ گواہ شد نمبر 2 منیر الدین شمس

مسل نمبر 94007 میں منزہ نذیر

بیوہ نذیر احمد ناصر (مرحوم) قوم چغتائی پیشہ خانہ داری عمر 60 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ٹاؤن شپ لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-07-13 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور بوزن 1 تولہ مالیتی -/20000 روپے (2) حق مہر وصول شدہ -/2000 روپے (3) ترکہ خاوند رہائشی مکان برقبہ 5 مرلہ واقع لاہور مالیتی -/1000000 روپے کا شرعی حصہ (حصہ داران میں 2 بیٹے 3 بیٹیاں اور بیوہ)۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ منزہ نذیر۔ گواہ شد نمبر 1 داؤد احمد بھٹی۔ گواہ شد نمبر 2 منشا داحمد نیئر

مسل نمبر 94008 میں عبدالقیوم

ولد منیر احمد قوم راجپوت پیشہ تعلیم عمر 40 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ٹاؤن شپ لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-11-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی اراضی برقبہ ساڑھے تین ایکڑ واقع چک نمبر 369 گ۔ب ننکانہ صاحب مالیتی -/120000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10000 روپے ماہوار بصورت ٹیوشن مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/140000 روپے سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عبدالقیوم۔ گواہ شد نمبر 1 مسعود احمد طاہر۔ گواہ شد نمبر 2 ہدایت اللہ خالد

مسل نمبر 94009 میں محمد الیاس

ولد محمد شریف قوم باجوہ پیشہ زمیندارہ عمر 39 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 314 ج۔ب ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-11-20 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی اراضی 3/ ایکڑ واقع چک نمبر 314۔ ج۔ب مالیتی -/1000000 روپے۔ اس وقت مجھے بصورت زمیندارہ مبلغ -/36000 روپے ماہوار بصورت سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد الیاس۔ گواہ شد نمبر 1 نداء الحق ندیم۔ گواہ شد نمبر 2 ناظر علی

مسل نمبر 94010 میں صباء ناہید

